سوال

(53) کیاکتاب اور شریعت ایک ہی چیز کے دونام ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیاکتاب اور شریعت ایک ہی چیز کے دونام ہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

کتاب کے دو معنی ہیں۔ ایک آسمانی وحی جوالہامی لفظ میں انبیائے کرام پر نازل ہوتی تھی۔ جیسے قران تورات وغیرہ اس کے علاوہ انبیاء کے قلب پر مضمون القا ہوتا تھا۔ جیسے وہ اپنے لفظوں میں بیان کرتے تھے۔ اسی کو حدیث انبیاء کہتے ہیں۔ ان معنی سے کتاب خاص ہے۔ اور شریعت عام ہے جو دونوں کو شامل ہے۔ دوسرے معنی کتاب کے ہیں شریعت الہیہ جو دونوں حصوں کو شامل ہے ان معنی سے کتاب اور شریعت ایک ہی چیز ہے۔

تشریح

یہی سنت نبوی ﷺ کا مفہوم ہے۔ حضرت علامہ سید سلمان ندوی سیرت نبوی ص 77 ج 4 پر لکھتے ہیں۔ کتاب اصولی احکام ہیں۔ اور سنت ان اصولی احکام کی عملی تشریح اور بیان ہے کتاب براہ راست وحی الہیٰ کا تیجہ اور سنت ملکہ نبوی ہے۔ کتاب بلفظ وحی ہے۔ اور سنت بالمعنی پیغمبر کی وحی۔ اور ملکہ نبوت دونوں کے احکام واجب الاتباع ہیں۔ وحی اور ملکہ نبوت "پر ایک علمی مقالہ اہل حدیث 6 ربیع الثانی 1350 ہجری میں دیکھیے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص194

محدث فتویٰ